اودھ نامہ

## دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

ہمارے بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی جی نے اپنے اقتدار کے گیارہ برس مکمل ہونے پر کہا ہے کہ ان کی حکومت کے 11 سال میں ملک نے 140 کروڑ لوگوں کی اجتماعی شراکت داری سے بہتر حکمرانی کی طاقت سے مختلف شعبوں میں تیزی سے تبدیلی دیکھی ہے، اور جس سے تیزی سے ترقی ہوئی اور سبھی کی 'زندگی میں آسانیاں' پیدا ہوئیں۔ مودی جی نے اپنی حکومت کے 11 سال مکمل ہونے پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر سلسلہ وار ترسیلات میں کہا کہ ہندوستان نہ صرف تیزی سے بڑھتی ہوئی بڑی معیشت بن گیا ہے، بلکہ موسمیاتی تبدیلی اور ڈیجیٹل اختراع جیسے اہم معاملے میں ایک نمایاں عالمی آواز بھی بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان آج نہ صرف تیزی سے بڑھتی ہوئی بڑی معیشت ہے، بلکہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے اقدامات اور ڈیجیٹل جدت جیسے اہم امور پر ایک نمایاں عالمی آواز بھی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کو اپنی اجتماعی کامیابی پر فخر ہے لیکن اس کے ساتھ ہی، ہم امید اور اعتماد کے ساتھ ترقی یافتہ ہندوستان کی تعمیر کے لیے نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔

یہ جان کر یا سن کر ایک ہندوستانی ہونے کی حیثیت سے بہت خوشی ہوتی ہے کہ ہمارا ملک ہندوستان تیزی سے دنیا کی بڑھتی ہوئی بڑی معیشت بن گیا ہے، ابھی حال ہی میں نیتی آیوگ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ہندوستان نے جاپان کو پیچھے چھوڑ کر دنیا کی چوتھی بڑی معیشت کا مقام حاصل کر لیا ہے۔ یہ دعویٰ آئی ایم ایف کے 2025 کے اعداد و شمار پر مبنی ہے، جن کے مطابق ہندوستان کی جی ڈی پی جاپان سے محض 0.586 ارب ڈالر یا 0.014 فیصد زیادہ ہو سکتی ہے لیکن ہندوستان کے اپنے معاشی اعداد و شمار پر عدم اعتماد کے باعث یہ خوشی قبل از وقت اور گمراہ کن بھی بتائی جا رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے گاندھی نگر کی ایک ریلی میں اعلان کیا تھا، ''ہم (معیشت میں) جاپان کو پیچھے چھوڑ چکے ہیں اور آگے بڑھ رہے ہیں۔'' سوال کیا جا رہا ہے کہ اتنی عجلت میں دعویٰ کیوں کیا گیا۔ کیا یہ 'آپریشن سندور' کے بعد حکومت کی شبیہ بہتر بنانے کی کوشش ہے۔ (تو کیا آپریشن سندور کے بعد حکومت کی شبیہ میں کچھ منفی چیزیں آ گئی تھیں) اگرچہ ہندوستان اس بات پر مصر ہے کہ پاکستان سے جنگ بندی دونوں ممالک کا اپنا فیصلہ تھا اور پاکستان کی تجویز پر ہی یہ فیصلہ کیا گیا تھا، مگر عالمی سطح پر یہ تاثر ہے کہ ہندوستان نے امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے دباؤ میں جنگ بندی قبول کی جس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ جنگ بندی کا اعلان ہندوستان سے پہلے خود ٹرمپ نے کیا تھا۔ یہی وجہ کہ ٹرمپ کا مؤقف زیادہ قابلِ اعتبار بن گیا اور ہماری طرف سے اس بات کا کوئی واضح جواب نہیں آ سکا کہ ٹرمپ نے اعلان دوپہر میں کیسے کر دیا جب کہ جنگ بندی کا باقاعدہ اعلان شام پانچ بجے کے آس پاس کیا گیا۔ اور سب سے اہم بات یہ بھی ہے کہ جنگ بندی محض فوجی فیصلہ نہیں بلکہ ایک سیاسی اقدام بھی ہوتی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر فرض کر لیا جائے کہ ہندوستان واقعی 2025 میں جاپان کے برابر جی ڈی پی حاصل کر لے تو بھی یہ عام ہندوستانی کے لیے کچھ خاص معنی نہیں رکھتا۔ کیونکہ ہندوستان کی متوقع آبادی 146 کروڑ ہوگی، جب کہ جاپان کی صرف 12 کروڑ، یعنی فی کس آمدنی اب بھی ہندوستان کی نسبت جاپان میں 12 گنا زیادہ ہوگی۔ جب آبادی میں اتنا زیادہ فرق ہے تو آپ اعداد و شمار کچھ بھی بتائیں زمینی سطح پر وہ درست ثابت نہیں ہوں گے اسی کے ساتھ دیکھیں کہ ہندوستان اور جاپان کی عالمی درجہ بندی میں بھی یہی فرق نظر آتا ہے۔ ہندوستان فی کس جی ڈی پی میں 140 ویں جب کہ جاپان 34 ویں نمبر پر ہے۔ مزید یہ کہ ہندوستان میں شدید معاشی ناہمواری ہے۔ جاپان میں سرفہرست ایک فیصد افراد کی آمدنی کا حصہ 8.44 فیصد ہے، جب کہ ہندوستان میں یہ 22.6 فیصد ہے۔ جاپان کے نچلے 50 فیصد افراد کی آمدنی کا حصہ 20 فیصد ہے، جبکہ ہندوستان میں صرف 15 فیصد۔ مطلب یہ کہ جاپان کا ایک عام فرد اسی سماجی درجے کے ہندوستانی سے بارہ گنا بہتر زندگی گزار رہا ہے، جیسا کہ تعلیم، صحت اور متوقع عمر جیسے اشاریے ظاہر کرتے ہیں۔

اگر ہم اعداد و شمار کی بات کرتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ غریبی اور بے روزگاری کا مطلب ہے کہ خاندان کے کم افراد کما رہے ہیں، اور اس سے غربت میں اضافہ ہوتا ہے۔ جاپان میں لیبر فورس میں شمولیت کی شرح تقریباً 63 فیصد ہے جب کہ ہندوستان میں 56 فیصد۔ ہندوستان میں خواتین اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی ملازمت کی صورتحال خاصی خراب ہے۔ چھوٹے کاروبار، کسان، اور مائیکرو انٹرپرائز جیسے غیر منظم شعبے نوٹ بندی، جی ایس ٹی جیسے غیر دانش مندانہ اقدامات اور جبری ڈیجیٹل پالیسیوں سے بدحال ہو چکے ہیں۔ یہی وہ شعبے تھے جو بڑی تعداد میں روزگار فراہم کرتے تھے۔ 'سدھار' کے نام پر ان شعبوں کو رہی بنا کر ختم کیا جا رہا ہے۔ سرمایہ کاری بنیادی ڈھانچے جیسے ہائی وے، ریلوے اور بجلی میں تو بڑھ رہی ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ شعبے روزگار بہت کم دیتے ہیں۔ اس کے برعکس منریگا، تعلیم اور دیہی ترقی جیسے پروگراموں کے بجٹ میں کٹوتی کی گئی ہے، جس سے غریبوں کی حالت مزید بگڑ گئی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

# بیج سے بازار تک: حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کے لئے وقف ہے

## کسانوں کی پیداوار کی مناسب قیمت؛ مودی سرکار کی ضمانت



شیوراج سنگھ چوہان

ہندوستان ایک زرعی ملک ہے، جہاں کسان نہ صرف ملک کے لوگوں کے لئے خوراک فراہم کرتے ہیں، بلکہ ملک کی معیشت اور سماجی ڈھانچے کا ایک مضبوط ستون بھی ہیں۔ جب کسان مٹی کو جوتتا ہے تو وہ نہ صرف فصلیں بوتے ہیں بلکہ ملک کے کروڑوں شہریوں کی زندگی اور خوشحالی کے بیج بھی بوتے ہیں۔ زراعت کا شعبہ کروڑوں لوگوں کو روزی روٹی فراہم کرتا ہے۔ یہ قومی غذائی تحفظ اور دیہی ترقیات کی بنیادی بنیاد بھی ہے۔ ایسے میں ہمارے کسان بھائیوں اور بہنوں کی ترقی ملک کی ترقی کے لیے ضروری ہے۔

قابل احترام وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی قابل اور دور اندیش قیادت میں مرکزی حکومت نے پالیسی سازی میں زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دی ہے۔ مرکزی حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ کسانوں کی محنت کو مناسب احترام ملے، ان کی فصلوں کی صحیح قیمت ملے اور ان کی زندگی خوشحالی سے بھر جائے۔ آج پورا ملک ایسی پالیسیوں اور کوششوں کا مشاہدہ کر رہا ہے، جو کسانوں کی خوشحالی اور خود انحصاری کے لیے غیر متزلزل عزائم کو ظاہر کرتی ہیں۔

وزیر اعظم کی قیادت میں حکومت کا ہر قدم، ہر اسکیم، ہر فیصلہ کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے وقف ہے۔ گزشتہ دہائی میں مرکزی حکومت نے کسانوں کی بہبود کے لیے تاریخی اقدامات کیے ہیں، جس سے نہ صرف کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوا ہے بلکہ ان کا اعتماد بھی مضبوط و مستحکم ہوا ہے۔ خواہ وہ کم از کم امدادی قیمت (ایم ایس پی) میں غیر معمولی اضافہ ہو، فصلوں کی خریداری میں ریکارڈ اضافہ ہو یا تکنیکی اختراعات کے ذریعہ کاشتکاری کو جدید بنانے کی کوشش ہو۔ مرکزی حکومت نے کسانوں کے لیے ہر میدان میں دن رات کام کیا ہے۔ کسان دوست پالیسیوں، ٹیکنالوجی کے استعمال، اختراعات اور منڈیوں تک آسان رسائی کے ذریعے ہندوستان ایک ایسے زرعی نظام کی طرف بڑھ رہا ہے جو پائیدار، جامع اور مستقبل پر مبنی ہو۔

پہلے ہمارے کسان فصل کی لاگت سے برائے نام منافع کماپاتے تھے لیکن محترم وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے واضح پالیسی بنائی کہ ہر فصل پر اس کی لاگت سے زیادہ منافع کم از کم 50 فیصد یقینی بنایا جائے گا۔ آج خریف اور ربیع کی بڑی فصلوں کے ایم ایس پی میں 1.8 سے 3.3 گنا اضافہ کیا گیا ہے۔ دھان کی کم از کم امدادی قیمت 14-2013 میں 1310 روپے فی کوئنٹل تھی جو 26-2025 میں بڑھ کر 2369 روپے ہو گئی ہے۔ اسی طرح جوار کا ایم ایس پی 1500 سے بڑھ کر 3699 روپے، باجرہ 1250 سے بڑھ کر 2775 روپے، راگی 1500 سے بڑھ کر 4886 روپے، مکئی 1310 سے بڑھ کر 2400 روپے، تور (ارہر) 4300 سے بڑھ کر 8000 روپے، مونگ 4500 سے 8768 روپے، اڑد 4300 سے 7800 روپے، مونگ پھلی 4000 سے 7263 روپے، سورج مکھی بیج 3700 سے 7221 روپے، سویابین (پیلا) 2560 سے 5328 روپے، تل 4500 سے 9846 روپے، رام تل 3500 سے 9537 روپے، کپاس 3700 سے 7710 روپے فی کوئنٹل کر دی گئی ہے۔ ربیع کی فصلوں میں گندم کی ایم ایس پی 1400 روپے سے بڑھا کر 2425 روپے، جو 1100 روپے سے بڑھا کر 1980 روپے، چنا 3100 روپے سے بڑھا کر 5650 روپے، مسور 2950 سے 6700 روپے، ریپسیڈ / سرسوں کی 3050 روپے سے 5950 روپے، کسمھ 3000 سے 5940 روپے، پٹسن 2400 سے 5650 روپے اور کوپرا کی قیمت 5250 سے 11582 روپے فی کوئنٹل کر دی گئی ہے۔ ان تمام فصلوں کے ایم ایس پی میں تاریخی اضافہ ہوا ہے، جس سے کسانوں کو ان کی محنت کی پوری قیمت ملنے کو یقینی بنایا گیا ہے۔

14-2004 کے مقابلہ 2025-2014 کے دوران ایم ایس پی پر خریدی گئی فصلوں کی مقدار اور ادائیگی میں بھی ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ دھان کی خریداری 45 کروڑ 90 لاکھ میٹرک ٹن سے بڑھ کر 76 کروڑ 8 لاکھ میٹرک ٹن) اضافہ 1.7 گنا)، گندم 22 کروڑ 54 لاکھ سے بڑھ کر 33 کروڑ 37 لاکھ (اضافہ 1.4 گنا)، دلہن 6 لاکھ 29 ہزار سے بڑھ کر 1 کروڑ 80 لاکھ) اضافہ 28.6 گنا)، تلہن 47 لاکھ 75 ہزار سے ایک کروڑ 27 لاکھ (اضافہ 2.7 گنا)، تجارتی فصلیں 35 لاکھ 27 ہزار سے 80 لاکھ 83 ہزار (اضافہ 2.3 گنا)۔ ان تمام ایم ایس پی فصلوں کو ملا کر 69 کروڑ 87 لاکھ سے بڑھ کر 113 کروڑ 92 لاکھ میٹرک ٹن) اضافہ 1.6 گنا (ہو گئی ہے۔ کسانوں کو ادا کی گئی ایم ایس پی کی رقم بھی تمام فصلوں کے لیے 7 لاکھ 41 ہزار کروڑ روپے سے بڑھ کر 23 لاکھ 61 ہزار کروڑ روپے) اضافہ 3.2 گنا (ہو گئی ہے۔ دھان کے لیے 4 لاکھ 44 ہزار کروڑ روپے سے 14 لاکھ 16 ہزار کروڑ روپے) اضافہ 3.2 گنا۔) گیہوں کے لیے 2 لاکھ 56 ہزار کروڑ سے 5 لاکھ 65 ہزار کروڑ روپے (اضافہ 2.2 گنا)، دلہن کے لیے 19 سو کروڑ روپے سے 98 ہزار کروڑ روپے (اضافہ 51 گنا)، تلہن کے لیے 9 ہزار کروڑ سے 65 ہزار کروڑ روپے (اضافہ 7.1 گنا)، تجارتی فصلوں کے لیے 25 ہزار کروڑ ایک لاکھ 33 ہزار کروڑ روپے (اضافہ 5 گنا) کی ادائیگی کی گئی ہے۔ یہ اعداد و شمار کسانوں کے تئیں مودی حکومت کی وابستگی، کسانوں کی محنت کے احترام اور ان کی معاشی طاقت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

وزیر اعظم کی قیادت میں حکومت نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ دالوں، تلہنوں کے بیجوں اور تجارتی فصلوں جیسے تل، مونگ پھلی اور سورج مکھی میں ایم ایس پی میں ریکارڈ اضافہ ہو، تاکہ کسانوں کو فصلوں کے تنوع کا فائدہ ملے اور ان کی آمدنی مستحکم ہو۔ مرکزی حکومت نے خود کو صرف ایم ایس پی بڑھانے تک ہی محدود نہیں رکھا ہے بلکہ یہ بھی یقینی بنایا ہے کہ یہ فائدہ براہ راست کسانوں کے کھاتوں تک پہنچے۔ ڈائریکٹ بینیفٹ ٹرانسفر (ڈی بی ٹی) کے ذریعے ہم نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ کسانوں کو شفافیت اور رفتار کے ساتھ ان کی محنت کی پوری قیمت ملے۔ یہ ایک ایسا زرعی انقلاب ہے، جو ہمارے کسان بھائیوں اور بہنوں کی زندگیوں اور کاشتکاری کی حالت کو بدل رہا ہے۔ اب کسان بغیر کسی فکر کے کھیتی باڑی کرتا ہے، کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اسے اس کی فصل کی مناسب قیمت اور وقت پر ادائیگی ملے گی۔

آج مرکزی حکومت بیج سے لے کر مارکیٹ تک ہر قدم پر کسانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ 'مردا سواستھیہ کارڈ' کسانوں کو اپنی مٹی کی صحت جاننے اور صحیح فصل کا انتخاب کرنے میں مدد کر رہا ہے۔ پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا) پی ایم ایف بی وائی (قدرتی آفات سے مالی تحفظ فراہم کر رہی ہے۔ کسانوں کو ای-نام کے ذریعہ ڈیجیٹل مارکیٹ سے جڑ کر بہتر قیمت مل رہی ہے۔ ڈرون اور اسمارٹ آب پاشی ٹیکنالوجی کاشتکاری کو آسان اور جدید بنا رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ہم نے قدرتی کاشتکاری، فصلوں کے تنوع اور زرعی آلات پر سبسڈی کے ذریعے کسانوں کو خود کفیل بنانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ حکومت نے کسانوں کو 3 لاکھ روپے تک کا قلیل مدتی قرض سود پر سبسڈی کے تحت کسان کریڈٹ کارڈ (کے سی سی) کے ذریعے 7 فیصد سود پر دستیاب کرایا ہے، بروقت ادائیگی پر 3 فیصد اضافی رعایت دستیاب ہے، جس سے مؤثر شرح سود 4 فیصد تک کم ہو جاتی ہے۔ ملک میں 7.75 کروڑ سے زیادہ کے سی سی اکاؤنٹس ہیں، جس کی وجہ سے کسانوں کو سستے اور قابل رسائی قرض مل رہے ہیں۔ 'مردا سواستھیہ کارڈ'، 'ای-نام'، 'ڈرون'، 'اسمارٹ آب پاشی' اور زرعی آلات پر سبسڈی وغیرہ کے ذریعے کاشتکاری کو جدید اور پائیدار بنایا جا رہا ہے۔

چنا، مسور، اُڑد اور ارہر جیسی فصلوں کی خریداری اور ادائیگی کے نظام کو مزید مضبوط کیا گیا ہے تاکہ کسانوں کو ان کا پورا حق بروقت مل سکے۔ پرائس سپورٹ اسکیم (پی ایس ایس)، قیمت میں کمی کی ادائیگی کی اسکیم (پی ڈی پی ایس)، مارکیٹ انٹروینشن اسکیم (ایم آئی ایس) اور پرائس اسٹیبلائزیشن فنڈ (پی ایس ایف) کو 'پردھان منتری انیہ داتا آئے سنرکشن ابھیان' (پی ایم - اے اے ایس ایچ اے) کے تحت لاگو کیا گیا ہے۔ پی ایس ایس کے تحت دلہن، تلہن کے بیج اور کھوپرا براہ راست کسانوں سے ایم ایس پی پر خریدے جاتے ہیں۔ 25-2024 میں 19.97 لاکھ میٹرک ٹن سویابین اور 17.73 لاکھ میٹرک ٹن مونگ پھلی کی خریداری کی گئی جو کہ اب تک کی سب سے زیادہ ہے۔ تور، اُڑد اور مسور کی 100 فیصد خریداری کو یقینی بنایا گیا ہے، جس سے ان فصلوں کی کاشت کو فروغ ملا ہے۔ پی ڈی پی ایس کے تحت ایم ایس پی اور بازار کی قیمت کے درمیان فرق کی تلافی تلہن کے کسانوں کو براہ راست ان کے اکاؤنٹس میں کی جاتی ہے۔

ریاستوں کو خریداری کے لیے مناسب مقدار کی منظوری دے دی گئی ہے اور ضرورت کے مطابق وقت کی حد بھی بڑھا دی گئی ہے۔ ایم آئی ایس کے تحت کرناٹک میں ادرک، آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں لال مرچ، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، چھتیس گڑھ اور آندھرا پردیش میں این سی سی ایف اور این اے ایف ای ڈی کے ذریعے ٹماٹر کی خریداری کی گئی ہے۔ گجرات کو چنے کی خریداری کے لیے 3.27 لاکھ میٹرک ٹن کی منظوری دی گئی ہے۔ مہاراشٹر میں تور اور آسام میں سرسوں کی خریداری کی مدت بڑھا دی گئی ہے۔ کرناٹک میں ادرک کی خریداری کے لیے ایم آئی ایس کا نفاذ کیا گیا ہے۔ حکومت نے دالوں میں مشن آتم نربھر بھارت کے تحت پی ایس ایس کے لیے سرکاری گارنٹی کو 45,000 (پینتالیس ہزار) کروڑ روپے سے بڑھا کر 60,000 (ساٹھ ہزار) کروڑ روپے کرنے کی بھی تجویز پیش کی ہے تاکہ خریداری اور ذخیرہ کرنے کے عمل کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ خریدی گئی فصلوں کو فوری طور پر ٹھکانے لگانے کے لیے رہنما خطوط جاری کیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم کی قیادت میں مرکزی حکومت نے ٹی او پی (ٹماٹر، پیاز، آلو) (فصلوں کے ذخیرہ اور نقل و حمل کے اخراجات کی ادائیگی کے لیے ایک نیا نظام بھی نافذ کیا ہے۔

آج سائنس اور ٹکنالوجی کا دور ہے۔ ہمارے سائنسدان کاشتکاری کو ترقی یافتہ اور ترقی یافتہ بنانے کے لیے بہت سے تجربات کر رہے ہیں۔ لیب میں کی جانے والی تحقیق کو زمین تک پہنچانے اور کسانوں کو سائنس سے براہ راست جوڑنے کے لیے ملک بھر میں 'وکست کرشی سنکلپ ابھیان' شروع کیا گیا ہے۔ اس کے تحت 29 مئی سے 12 جون تک ملک کے 700 سے زائد اضلاع میں 16 ہزار سائنس داں گاؤں گاؤں جا کر کسان بھائیوں اور بہنوں کو کاشتکاری کی جدید تکنیکوں، بہتر بیجوں، نامیاتی کھادوں اور آب و ہوا کے موافق کھیتی کے طریقوں کے بارے میں جانکاری دے رہے ہیں، جس سے نہ صرف پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ ہندوستانی معیشت کو بھی ترقی ملے گی۔ ان تمام اقدامات اور کامیابیوں کے ساتھ مودی حکومت نے کسانوں کے مفاد میں تاریخی اور فیصلہ کن قدم اٹھایا ہے۔ تکنیکی اختراعات کے ساتھ ساتھ یہ اقدامات کسانوں کو خود انحصار اور خوش حال بنانے کی سمت میں سنگ میل ہیں۔ یہ عزم مستقبل میں بھی اٹل رہے گا، تاکہ ہمارے کسان بااختیار ہوں اور ملک زرعی سپر پاور بننے کی طرف بڑھے۔

(مرکزی وزیر برائے زراعت و بہبود کسان)

# نظامتِ مظاہر علوم: دیواریں خاموش، سوالات گویا



مولانا قاری اسحاق گورا

ہمیں اس حقیقت سے آگاہ ہونا چاہیے کہ دارالعلوم دیوبند کے بعد کہیں نا کہیں مدارسِ دینیہ کی دنیا میں اگر کسی ادارے کو فکری اور تعلیمی مرکزیت حاصل ہے تو وہ جامعہ مظاہر علوم، سہارنپور ہے۔ یہ صرف ایک مدرسہ نہیں بلکہ ایک روایت، ایک مزاج اور ایک علمی تسلسل کا نام ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب کوئی عظیم شخصیت رخصت ہوتی ہے تو اس کے ساتھ صرف ایک فرد نہیں، بلکہ ایک عہد، ایک طرزِ فکر، ایک سکوت اور ایک وقار بھی رخصت ہو جاتا ہے۔ مظاہر علوم وقف کی فضا بھی حالیہ دنوں کچھ اسی طرح کی ایک پرانی روشنی کو الوداع کہہ چکی ہے

مرحوم مولانا محمد سعیدی کی رحلت نے اس مدرسہ کی پیشانی پر ایک سوالیہ لمحہ رقم کر دیا۔ یہ سوال کہ اب نظامت کا یہ بوجھ کس کاندھے پر رکھا جائے؟ اور کیا وہ کندھا صرف عمر، نسبت اور توقع کا مجموعہ ہوگا یا تدبر، تجربے اور طرزِ قیادت کا مرقع؟

بزرگ عالم دین مولانا اسلام الحق کو قائم مقام ناظم مقرر کیا گیا۔ یہ بات تدبر سے بھرپور تھی، کہ بعض منازل عارضی قدموں سے عبور کی جاتی ہیں۔ ان کی علمی قامت، فکری استحکام اور بردباری اس ذمہ داری کے لیے ایک فطری انتخاب تھے۔ ساتھ ہی مرحوم ناظم کے فرزند مولانا بدران سعیدی کو نائب ناظم مقرر کیا گیا۔ ایک نوجوان، ایک متحرک شخصیت، اور شاید ایک ایسی علامت جو تسلسل اور وراثت کی آمیزش سے قائم کی گئی۔

لیکن بعض سوالات، جو برسرِ زبان نہیں، مگر فضا میں تحلیل ہیں، وہ یوں ابھرنے لگے جیسے کوئی پرانا کتب خانہ خاموشی سے کسی پرانی تحریر کو دہرا رہا ہو:

کیا نظامت جیسا منصب، جو ایک پورے ادارے کا اخلاقی توازن سنبھالتا ہے، کسی ایسے فرد کو سونپا جا سکتا ہے جس کے تجربات ابھی تعلیمی مراحل سے گزر رہے ہوں؟

اگر نوجوان قیادت کی حوصلہ افزائی مقصود تھی، تو کیا مظاہر کے دیگر فضلاء یا سینئر اساتذہ اس اعتماد کے مستحق نہ تھے؟

نائب ناظم کی تقرری میں جو رفتار اختیار کی گئی، وہ عمومی تعلیمی اداروں میں مشورہ و وقار سے گزرنے والا عمل نہیں لگتی ہی تو کیا یہ "اعلان" پہلے سے طے شدہ تھا؟

کیا تدبیر کا دائرہ صرف قرابت اور نسبت کے ارد گرد محدود ہو گیا ہے؟

یہ بات قابلِ فہم ہے کہ ہر تبدیلی پر سوال اٹھتے ہیں۔ مگر ہر سوال بغاوت نہیں ہوتا۔ کبھی کبھی سوال محض چراغ کی لو کو محفوظ رکھنے کی کوشش ہوتی ہے۔ مدرسے کے فضلاء، متعلقین، اور وہ خاموش مخلصین جو ہر دینی ادارے کو دل سے عزیز رکھتے ہیں، ان کے ذہن میں اگر کوئی سوال ابھرا ہے تو وہ صرف اسی خوف کے زیرِ اثر ہے کہ "کہیں یہ علمی ادارہ بھی رفتہ رفتہ ایسی سمت نہ بڑھ جائے جہاں فیصلے دلیل سے کم اور تعلق سے زیادہ چلیں۔"

کوئی بھی قوم تبھی آگے بڑھتی ہے جب وہ نوجوانوں کو قیادت کے لیے تیار کرے۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ لیکن "تیاری" کا مطلب صرف عہدہ دینا نہیں ہوتا، بلکہ تجربے، مشاہدے، اور تدریجی ترقی کے مراحل سے گزارنا ہوتا ہے۔

کیا نائب ناظم کا عہدہ بھی تربیتی مرحلے میں آتا ہے؟

یا یہ خود ایک ایسا مقام ہے جس پر پہنچ کر دوسروں کی تربیت کی جاتی ہے؟

یہ وہ بنیادی سوال ہے جسے بے شمار تعلیم یافتہ اذہان اپنی نجی محفلوں میں دہرا رہے ہیں، مگر ادب اور احترام کے باعث کھلے لفظوں میں نہ کہہ سکے۔

یہ ادارہ "وقف" ہے یعنی کسی فرد، خاندان یا نسل کی ملکیت نہیں۔ یہ امانت ہے، اعتماد ہے، اور قوم کی طرف سے عائد کردہ ایک ذمہ داری۔ اس امانت کی رکھوالی اگر محض رشتہ داری، جذبات یا تعجیل سے متاثر ہو جائے، تو گویا مستقبل کی بنیادیں کچھ نازک اینٹوں پر اٹھ رہی ہوں۔

لوگ پوچھتے ہیں، نہ زور سے، نہ غصے میں بلکہ تھوڑے دکھ سے:

کیا وقف کی روح یہ اجازت دیتی ہے کہ ایک اہم عہدہ "بلا اعلانِ عام" کسی ایسے ہاتھ میں دے دیا جائے جسے ابھی وقت نے پرکھا نہ ہو؟

یہ سب محض ایک مکالمہ ہے، کوئی منشور یا مطالبہ نہیں۔ نہ کوئی شکوہ ہے، نہ شکایت۔ صرف ایک نرمی سے لکھی گئی عرضداشت ہے جو ان اذہان سے نکل کر صفحۂ قرطاس پر آئی ہے جو اس ادارے کو صرف ایک مدرسہ نہیں، ایک فکر، ایک روایت اور ایک امید سمجھتے ہیں۔ اگر نوجوان قیادت کی تقرری فی الواقع باصلاحیت ہاتھوں میں ہوئی ہے، تو اللہ اسے بابرکت بنائے۔ مگر اگر اس فیصلے میں کوئی توازن، مشورہ یا غور و خوض کا پہلو کمیاب رہا ہو، تو آنے والے دن اس کی یاد دہانی خود بخود کروا دیں گے۔

جب کسی علمی ادارے میں تبدیلی آتی ہے تو اس کی گونج صرف چار دیواری تک محدود نہیں رہتی، بلکہ فضلاء، اہلِ علم، اور درد مند حلقے اس تبدیلی کو دل سے محسوس کرتے ہیں۔ مظاہر علوم وقف میں جو حالیہ تقرریاں ہوئیں، وہ بظاہر ایک ادارہ جاتی عمل ہے۔ مگر ایسے ادارے جہاں علم، تقویٰ، روایات اور قوم کی نظریاتی تربیت پروان چڑھتی ہو، وہاں ہر فیصلہ محض "انتظامی" نہیں ہوتا، بلکہ وہ ایک پیغام بن جاتا ہے۔ مرحوم مولانا محمد سعیدی کے جانے کے بعد یہ سوال فطری تھا کہ ان کی جگہ کون لے گا۔ ان کی نظامت کے اکیس سال نہ صرف طویل، بلکہ پُر حکمت بھی تھے۔ ان کے جانے کے بعد ادارہ جیسے ایک خالی کرسی کو نہیں، ایک مکمل عہد کو رخصت کر چکا ہو۔ ایسے میں اگر کوئی تبدیلی آتی ہے، تو اس کا جائزہ لینا، اس پر اظہارِ خیال کرنا یا نرمی سے سوال اٹھانا، نہ صرف علمی رویہ ہے بلکہ ادارے سے محبت کا تقاضا بھی۔

اس تحریر میں کسی شخصیت کو ہدف بنانے کا کوئی ارادہ نہیں۔ نہ کسی کے کردار پر انگلی اٹھائی گئی، نہ فیصلوں کی نیت پر شبہ کیا گیا۔ بلکہ جو کچھ لکھا گیا وہ ایک فکری مکالمہ ہے، جو قوم کے اُن نوجوان ذہنوں، بزرگ فضلاء، اور خاموش محسنوں کی نمائندگی کرتا ہے جو ادارے کو فقط ایک "مدرسہ" نہیں بلکہ "تحریک" سمجھتے ہیں۔ مولانا اسلام الحق جیسے بزرگ کا قائم مقام ناظم بنایا جانا ظاہر کرتا ہے کہ تدبر، تجربہ اور بردباری کو وقتی طور پر رہنمائی کا حق دیا گیا۔ یہ ایک خوش آئند پہلو ہے، جو کم از کم یہ تسلی ضرور دیتا ہے کہ انتظامیہ نے کچھ فیصلے نہایت متانت سے کیے۔ البتہ مولانا بدران سعیدی کی بطور نائب ناظم تقرری، اس پہلو سے سوالات کو جنم دیتی ہے کہ کیا واقعی اس وقت مظاہر میں کوئی اور ایسا فرد موجود نہ تھا جو تجربے، فکری پختگی اور علمی فراست میں بہتر ہوتا؟ یا پھر یہ تقرری ایک خاندانی تسلسل کی نمائندہ ہے، جس پر خاموشی سے سر ہلایا گیا؟ ان سوالات کو اٹھانا کوئی الزام نہیں، بلکہ ایک فکری امانت ہے جسے زبان دی گئی۔

اگر واقعتاً مولانا بدران کی ذات میں وہ تمام اوصاف موجود ہیں جو ایک ادارے کے نائب ناظم کے لیے ضروری ہیں تو ان کا تقرر باعثِ فخر ہے۔ اور اگر انہیں وقت کے ساتھ اس قابل بنایا جا رہا ہے، تو یہ عمل شفافیت اور تدریج کا متقاضی ہے، تاکہ تعلیمی اداروں کے نظم و نسق کو شخصی تاثر سے بلند رکھا جا سکے۔

مدرسے وقف ہوتے ہیں، اور وقف کی بنیادی روح یہ ہے کہ اسے ذاتی مفادات، خاندانی تعلقات یا گروہی مفاہمتوں سے آزاد رکھا جائے۔ ایسا نہ ہو کہ آنے والے کل میں کوئی طالبعلم، کوئی استاذ یا کوئی محقق یہ لکھنے پر مجبور ہو کہ فیصلے نظریے سے نہیں، نسبت سے ہوئے تھے۔

یہ بات خوش آئند ہے کہ شوریٰ کے بعض معزز اراکین نے ان تقرریوں پر "اطمینان" ظاہر کیا ہے۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ شاید فیصلوں کے پیچھے کوئی حکمت ہے، جو عام آنکھ کو فی الوقت نظر نہ آئے۔ مگر اس حکمت کو واضح کرنا، اس پر بات چیت کا ماحول پیدا کرنا، اور فکری حلقوں کے تحفظات کو نرمی سے سننا بھی ایک تعلیمی ادارے کا وقار بڑھاتا ہے۔

اختتام پر ہم پھر دہراتے ہیں کہ یہ تحریر کسی تحریک، کسی گروہ یا کسی اندرونی سیاست کا حصہ نہیں۔ یہ صرف ان سوالات کی بازگشت ہے جو دبی زبان سے کئی فضلاء، اساتذہ، اور اہلِ فکر کے دلوں میں گردش کر رہے ہیں۔ یہ سوال نہ مخالفت ہیں، نہ تردید؛ یہ صرف وہ دبے دبے جملے ہیں جو احترام اور درد کے درمیان کہیں کھڑے رہ جاتے ہیں۔

مظاہر علوم وقف ایک عظیم ادارہ ہے، اور اس کی عظمت اس وقت تک قائم رہے گی جب تک اس کے فیصلے علم، عدل، شفافیت اور تقویٰ پر مبنی رہیں گے۔ اگر نئی نسل کو قیادت دینی ہے، تو پہلے انہیں وقت کی سخت دھوپ میں کندن بنانا ہوگا۔ اگر تعلقات پر فیصلے کرنا ہیں تو پھر اداروں کو نجی خانقاہوں کا درجہ دے دینا چاہیے۔

ہمیں امید ہے، اور یہ امید بھی اسی مظاہر سے ہے، کہ وہاں علم کی روشنی، نسبت کی دھند کو چیرنے کی طاقت رکھتی ہے۔ مگر اگر فیصلہ سازی کا چراغ صرف خاندانی ناموں کی روشنی سے جلایا جائے، تو پھر ایک دن کتابیں سوال کریں گی:

کیا یہ مدرسہ تھا یا موروثی مکتب؟

اگر تقویٰ، تجربہ اور تدبر کو چپ کرا کے صرف عمر اور نسبت کو بولنے دیا جائے، تو پھر نصاب میں قائدانہ اصول کے باب کو بے شک حذف کر دیا جائے۔

لیکن ہمیں یقین ہے، مظاہر علوم وقف جیسا ادارہ، تاریخ کے اس موڑ پر خود کو شخصیات کی جاگیر نہیں بننے دے گا۔ کیونکہ اگر یہ مدرسہ بھی نسبتی اہلیت کی راہ پر چل نکلا، تو آنے والی نسلیں شاید صرف "شجرہ" یاد رکھیں گی، علم کا شوق نہیں۔ بس دعا یہی ہے کہ فیصلہ سازوں کو وہی بصیرت عطا ہو، جو میراث میں نہیں، مجاہدے میں ملتی ہے۔

☆☆☆☆☆

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55 بی، وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

